سوال

(442) شیعہ کی دعوت قبول کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

طعام دعوت یا عام پختہ کیا ہوا کھانا فریق شیعہ کا فرقہ اہل حدیث یا اہلسنت کو جائز ہے اور ایسا طعام یا مثل اس کے پاک اور طیب ہے یا کس طرح پر شرع میں اس کا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

طعام دعوت یا پختہ کیا ہوا کھانا فریق شیعہ کا فرقہ اہل حدیث یا اہل سنت کو کھانا جائزہے۔ اور ایسا کھانا پاک اور طیب ہے، بشرط یہ کہ طعام مذکور محرمات شرعیہ (مثل میت یا دم مسفوح یا لحم خنزیر یا ما اہل بہ لغیر اللہ) میں سے نہ ہو اور بشرط یہ کہ کسی قسم کی نجاست کے ساتھ مخلوط نہ ہو اور بشرط یہ کہ کسی ناجائز وجہ (جیسے سرقہ و غصب وغیرہ) سے کمایا ہوا نہ ہو اور اس حکم میں فریق شیعہ یا دوسرے کسی فریق کی خصوصیت نہیں ہے، بلکہ ہر فریق کا یہی حکم ہے، یہاں تک کہ اگر فرقہ اہل حدیث یا اہل سنت کا بھی طعام دعوت یا پختہ کیا ہوا کھانا ہو اور اس میں شروط مذکورہ میں سے کوئی شرط مفقود ہو تو اس کا کھانا بھی کسی کو جائز نہیں ہے اور نہ ایسا کھانا پاک اور طیب ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الاطعمة، صفحہ: 679

محدث فتویٰ